Fairfax County PUBLIC SCHOOLS
ENGAGE • INSPIRE • THRIVE

رجسٹریشن

**فیئر فیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز میں کسی طالبعلم کا اندراج کروانے کیلئے والدین کو درج ذیل کاغذات فراہم کرنا ہونگے:**

## 1. رہائش کا ثبوت:

ایک دستاویز، لیز ایگریمنٹ، یا ریذیڈنٹ مینیجر کا دستخط شدہ خط جس میں موجودہ رہائش کی تصدیق کی گئی ہو۔ اگر خاندان کسی دوسرے کی رہائش گاہ پر قیام پزیر ہو تو، دستخط شدہ تصدیق نامہ جس میں موجودہ رہائش گاہ کی نشاندہی کی گئی ہواوراس کے ساتھ تین معاون دستاویزات بھی لازم ہیں جو غیرعارضی رہائش کا ثبوت ہوں ۔

*گھر کا پتہ تبدیل ہونے کی صورت میں ، والدین کو چاہئے کہ وہ بچے کے اسکول کو مطلع کریں اور اپنے نئے گھر کا ثبوت فراہم کریں ۔ اگر کوئی خاندان فیئر فیکس کاؤنٹی چھوڑ کر کہیں اور منتقل ہو جاتا ہے، تو بچے فیئر فیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز(FCPS) میں داخلے کے اہل نہیں رہتے اور انہیں اسکول سے علیحدہ کر دیا جائے گا ۔*

طالب علم کو اس شخص کیساتھ رجسٹریشن کیلئے آنا چاہئے جس کیساتھ وہ رہائش پذیر ہے، یعنی والدین میں سے کوئی ایک، یا عدالت کی طرف سے مقرر کیا ہوا سرپرست یا وہ فرد جس کی تحویل میں بچہ قانونی طور پر ہے۔ ساتھ آنے والے بالغ فرد سے تصویری شناختی کارڈ طلب کیا جائیگا ۔

*FCPS میں ٹیوشن فیس کی ادائیگی کے بغیر داخلے کیلئے ضروری ہے کہ بچہ جس مقام پر رہتا ہے والدین بھی اسی جگہ رہتے ہوں۔ اگر بچے کے داخلے کے وقت والدین فیئر فیکس کاؤنٹی میں رہائش پذیر تھے، اور بعد میں وہ کہیں اور چلے گئے ہیں تو بچے کے داخلے کی حیثیت میں تبدیلی ضرور ہو سکتی ہے ورجینیا کے قانون اور FCPS کے اسکولز بورڈ کی پالیسیوں اور قواعد و ضوابط میں ایسے لوگوں کی طرف سے بچوں کے داخلے کیلئے معیار مقرر کئے گئے ہیں جو بچوں کے اصل والدین نہیں۔ دیگر کئی شرائط میں سے ایک بچے کی قانونی تحویل ہے، اس شرط کا پورا کرنا لازمی ہے۔*

## 2. پیدائش کا ثبوت:

تمام طالب علموں کو پیدائش کا اصل سرٹیفکیٹ پیش کرنا لازمی ہے۔ اگر پیدائش کا سرٹیفکیٹ موجود نہیں ہے، تو ایک حلف نامہ تصدیقی دستاویزات کیساتھ پیش کرنا لازمی ہے ۔

*طالبعلم کے ریکارڈ پر وہ قانونی نام درج کیا جائگا جو اس کی پیدائش کے سرٹیفکیٹ پر درج ہے۔ پیدائش کے اصل سرٹیفکیٹ میں تبدیلی کیلئے عدالت کی دستاویز پیش کرنا لازمی ہے ۔*

## 3. سابقہ تعلیمی پروگرام کے بارے میں دستاویزی ثبوت:

سیکنڈری اسکول کے طالب علموں کے اسکول ریکارڈز اور / یا اصل ٹرانسکرپٹ پیش کی جانی لازمی ہیں اور ایلیمنٹری کے طالب علموں کیلئے ایسی دستاویزات فراہم کرنے کی سفارش کی جاتی ہے۔ ترجمہ شدہ کاغذ کی اصل زبان میں تحریر بھی فراہم کیا جانا ضروری ہے۔

## 4. صحت کی معلوماتی دستاویزات (FCPS ریگورلیشن 2101 کا حالیہ نسخہ ملاحظہ کیجیئے):

***حفاظتی ٹیکوں کی لازمی شرائط پچھلی طرف ہیں .***

**جسمانی معائنہ:**
کنڈرگارٹن یا ایلیمنٹری اسکول میں پہلی بار داخل ہونے والے طلباء کے لیئے، امریکہ کے لائسنس یافتہ ڈاکٹر، لائسنس یافتہ نرس پریکٹیشنر یا کسی لائسنس یافتہ ڈاکٹر کی نگرانی میں کام کرنے والے لائسنس یافتہ فزیشن اسسٹنٹ کی طرف سے اسکول شروع ہونے کے 12 مہنیوں کے اندر اندر جاری کردہ جسمانی معائنے کا سرٹیفکیٹ (مثال کے طور پر Commonwealth of Virginia School Entrance Health Form MCH-213) (بشمول تمام ضروری ٹیسٹ) درکار ہے۔
ایلیمینٹری اسکول میں داخل ہونے والے ٹرانسفر طالبعلموں کو یا تو اپنے پچھلے اسکول میں داخلے سے پہلے کا جسمانی معائنے کا ریکارڈ یا گذشتہ 12 مہینوں کے اندر ہونے والے جسمانی معائنے کا ریکارڈ فراہم کرنا چاہیئے۔
محکمہ صحت فیئرفیکس کاؤنٹی ، کمیونٹی کے طبی وسائل کو ریفرل معلومات فراہم کرتا ہے جو مفت جسمانی معائنے کی سہولت فراہم کررہے ہیں ۔

**ٹی بی کی جانچ کے قواعد و ضوابط:**
ایسے تمام طلباء کے لیئے، جو ان غیرممالک میں پیدا، رہائش پذیر یا مسلسل چار ہفتوں یا اس سے زیادہ عرصے کے لیئے، قیام پذیر رہے جو **High TB Burden Country** کی فہرست میں شامل ہیں
**https://www.fcps.edu/sites/default/files/media/forms/HighBurdenTBCountryList.pdf**, انہیں درج ذیل میں سے کوئی ایک فراہم کرنا ہو گا:

- جلد کا منفی ٹی بی ٹیسٹ (TST) یا Interferon Gamma Releasing Assay (IGRA) اور علامات کے منفی ٹیسٹ کا ثبوت ۔ یہ رجسٹریشن کے 90 تقویمی دنوں سے پہلے اور امریکہ کے کسی لائسنس یافتہ ڈاکٹر یا محکمہ صحت کی جانب سے مکمل ہونا لازمی ہے ۔
- رجسٹریشن سے پہلے کیلنڈر کے 90 دنوں کے اندر اندر لیا گیا سینے کے نارمل (منفی) ایکس رے کا ثبوت
- ایسے طلباء کے لیئے، جنہوں نے latent tuberculosis انفیکشن یا TB کی بیماری کاعلاج مکمل کرایا ہو، محکمہ صحت یا امریکہ کے لائسنس یافتہ ڈاکٹر کی طرف سے تحریری منفی علامات کی تصدیق اور بیماری کی مدافعت اورعلاج کے مکمل ہونے کا دستاویزی ثبوت

**نوٹ:** FCPS میں دوبارہ داخلہ لینے پر، تھوڑے عرصے کے لیئے، High TB Burden Country کی فہرست میں شامل (چار ہفتوں سے زیادہ) امریکہ سے باہر کے ممالک میں جانے والے افراد کو واپس آنے پر ٹی بی کی جانچ کا منفی ٹیسٹ فراہم کرنا ہو گا۔

**داخلہ شرائط**
**2024-2025ء**
(نظر ثانی شدہ 24/ 1)

رجسٹریشن کے متعلق ریکارڈ شدہ معلومات کیلئے 703-204-6795. پر فون کیجئے۔ ایسے بچے کے داخلے کے متعلق معلومات کیلئے ، جس کا داخلہ کرانیوالے اسکے والدین نہیں ہیں، 703-204-6769. پر فون کیجیئے ۔ رجسٹریشن کیلئے پیشگی وقت کیلئے اسٹوڈنٹ رجسٹریشن کو 703-204-6740. پر فون کیجئے۔ اسٹوڈنٹ رجسٹریشن ویب سائٹ پر تشریف لے جائیے: https://www.fcps.edu/registration/general-registration-requirements

# اسکول اور ڈے کیئر حفاظتی ٹیکے لگوانے کی کم سے کم شرائط

پبلک یا پرائیوٹ ایلیمنٹری، مڈل یا سیکنڈری اسکول، بچوں کے نگہداشت کا سینٹر، نرسری اسکول، فیملی ڈے کیر ہوم یا ترقیاتی مرکز میں حاضری کے لیئے عمر کی مناسبت کے لحاظ سے حفاظتی ٹیکوں کے ساتھ درج ذیل ویکسین کی خوراک لینے کی ہدایت کردہ تعداد کا تحریری ثبوت فراہم کرنا ہوگا۔ ویکسینز، بیماری سے بچاؤ اور قابو کے مراکز، امریکن اکیڈمی آف پیڈیاٹرکس اور امریکن اکیڈمی آف فیملی فزیشنز کے ہارمونائزڈ شیڈول کے مطابق، ہونی چاہئیں اور وقفے اور عمر کی شرائط پر عمل درآمد لازمی ہے جو (*https://www.vdh.virginia.gov/immunization/immunization-manual/acip/*) پر دستیاب ہے **وہ بچے جو یا تو موجودہ ہارمونائزڈ شیڈول یا ہارمونائزڈ کیچ- اپ شیڈول ( بشمول، کم سے کم عمر اور وقفے کی شرائط پر پورا اترتے ہیں) کے مطابق حفاظتی ٹیکے لگوا چکے ہیں، اسکول میں حاضری کے لیئے، مناسب طریقے سے ٹیکے لگوانے والے بچوں میں شمار کیئے جاتے ہیں۔ (مزید معلومات کے لیئے،" اسکول کی مطلوبہ ویکسین کی اضافی رہنمائی" ملاحظہ کیجیئے۔ )**

**خناق، تشنج اور کالی کھانسی (DTaP, DTP, or Tdap)** - مناسب وقفے کے ساتھ کم از کم 4 خوراکیں۔ بچے کو اپنی چوتھی سالگرہ پر یا اس کے بعد، DTaP یا DTP ویکسین کی کم از کم ایک خوراک ضرور لینی چاہیئے۔ DT ( خناق ، تشنج) کی ویکسین ان بچوں کی لیئے ضروری ہے جو کالی کھانسی والی ویکسین(DTaP or DTP) سے طبی طور پرمستثنیٰ ہیں۔ بالغ Td کی خوراکیں 7 سال یا اس سے زائدعمر کے ایسے بچوں کیلئے لازمی ہیں جنہوں نے تشنج یا خناق کی کم سے کم شرائط پوری نہیں کیں۔ ساتویں گریڈ میں داخل ہونے والے تمام طلباء کے لیئے، Tdap ویکسین کی مؤثر بوسٹر خوراک لازمی ہے۔

**گردن توڑبخار کی ویکسین (MenACWY)** - یکم جولائی 2021ء سے، MenACWY ویکسین کی کم از کم 2 خوراکیں۔ پہلی خوراک ساتویں گریڈ میں داخل ہونے سے پہلے مل جانی چاہیئے۔ آخری خوراک بارہویں گریڈ میں داخل ہونے سے پہلے مل جانی چاہیئے۔

**انسانی پیپیلوما وائرس (HPV) Vaccine** - یکم جولائی، 2021ء سے ساتویں گریڈ میں داخل ہونے والے طلباء کے لیئے، HPV ویکسین کی مکمل سیریز کی 2 خوراکیں درکار ہیں۔ ساتویں گریڈ میں داخلے سے قبل بچے کو ویکسین کی پہلی خوراک دینی ہو گی۔ محکمہ صحت سے منظور شدہ تعلیمی مواد کا جائزہ لینے کے بعد، والد/والدہ یا سرپرست کی صوابدید پر، والد/والدہ یا سرپرست اپنے بچے کو HPV ویکسین نہ دینے کا انتخاب کر سکتے ہیں۔

**ہیپاٹائٹس B ویکسین** - تمام بچوں کو، hepatitis B ویکسین کی مکمل 3 خوراکیں مناسب وقفوں سے لینی ضروری ہیں۔ تاہم، FDA نے دو-خوراکوں کے شیڈول کی منظوری دی ہے، ***صرف*** 11-15 سال کے بلوغت کی عمر کو پہنچنے والے افراد کے لیئے اور ***صرف اس وقت جب Merck Brand*** **(RECOMBIVAX** ***HB) Adult Formulation Hepatitis B Vaccine*** استعمال کی گئی ہو . اگر11-15 سال کی بلوغت کی عمر کو پہنچنے والوں کیلئے دو- خوراکوں کے شیڈول کا استعمال کیا گیا ہے تو سکول فارم میں اس کی واضح طور پر تصدیق ہونی چاہیئے۔

**خسرہ، ممپس اور روبیلا ویکسین (MMR)** - خسرہ کی کم از کم 2، ممپس کی 2 اور روبیلا کی 1 خوراک۔ (زیادہ تر بچے ہر ایک کی دو خوراکیں لیتے ہیں کیونکہ جو ویکسین دی جاتی ہے وہ مجموعہ ویکسین MMR ہے) پہلی خوراک 12 ماہ یا اس سے زیادہ عمر میں مل جانی چاہیئے۔ ویکسین کی دوسری خوراک کنڈرکارٹن میں داخل ہونے سے پہلے لینی لازمی ہے لیکن خوراک 1 اور 2 کے درمیان کم از کم وقفہ کے بعد کسی بھی وقت دی جاسکتی ہے۔

**Haemophilus Influenzae Type b (Hib) Vaccine** - یہ ویکسین صرف 60 ماہ کے بچوں تک کے لیئے، درکار ہے۔ ایک بنیادی سلسلہ یا تو 2 یا 3 خوراکوں پر مشتمل ہوتا ہے ( بنانے والوں پر منحصر ہے) تاہم، بچے کی موجودہ عمر اور نا ہی پیشگی خوراکیں لینے کی تعداد ، مطلوبہ ضروری خوراکیں لینے پراثرانداز ہوں گی۔ 15 اور 60 ماہ کی عمر کے درمیان کے بچے جنہیں حفاظتی ٹیکے نہیں لگے انکے لیئے ویکسین کی صرف ایک خوراک لینی ضروری ہے۔

**نمونیا ویکسین (PVC)** یہ ویکسین صرف 60 ماہ سے کم عمر کے بچوں کے لیئے، درکار ہے۔ ایک سے چار خوراکیں، جوpneumococcal conjugate کی ویکسین کی پہلی خوراک لینے کے وقت عمر پرمنحصر ہے، ضروری ہے۔

**روٹا وائرس ویکسین** - یہ ویکسین صرف 8 ماہ سے کم عمر کے بچوں کے لیئے، درکار ہے۔ یکم جولائی، 2021ء سے Rotavirus ویکسین کی 2 یا 3 خوراکیں (کمپنی پر منحصر ہے) درکار ہیں .

**پولیو (IPV) ویکسین** - پولیو ویکسین کی کم از کم 4 خوراکیں۔ ایک خوراک چوتھی سالگرہ پر یا اس کے بعد مل جانی چاہیئے۔ **اضافی معلومات کے لیئے، اضافی رہنمائی کی دستاویزات ملاحظہ کیجیئے .**

**Varicella (چکن پاکس) ویکسین** -یکم جنوری، 1997ء کو یا اس کے بعد پیدا ہونے والے تمام طلباء کے لیئے، 12 ماہ یا اس سے زیادہ کی عمر میں چکن پاکس کی ایک خوراک لینی لازمی ہے۔ 3 مارچ، 2012ء سے ویکسین کی دوسری خوراک

کنڈرکارٹن میں داخل ہونے سے پہلے لینی لازمی ہے، لیکن خوراک 1 اور خوراک 2 کے درمیان کم از کم وقفہ کے بعد کسی بھی وقت دی جاسکتی ہے۔

**ہیپاٹائیٹس A (HAV) ویکسین** - یکم جولائی 2021ء سے، ہیپاٹائیٹس A ویکسین کی کم از کم 2 خوراکیں۔ پہلی خوراک 12 ماہ یا اس سے زیادہ کی عمر میں مل جانی چاہیئے۔

*اضافی معلومات کے لیئے، براہ مہربانی ڈویژن آف ایمیونائزیشن کو 1929-568-800-1 (صرف ریاست کے اندر) یا 8055-864-804 پر کال کیجیئے۔*

ریاستی شرائط کی تازہ ترین معلومات کے لیئے، اس ویب سائٹ پر تشریف لے جائیے:
www.vdh.virginia.gov/immunization/requirements

*Rev. 02/21*